Instructions

1. Give numbering to headings
2. Do not write lengthy paragraphs. Write medium sized paragraphs with headings.
3. Do not use table for comparison and contrast questions.
4. Draw figures/diagram/flowchart where needed.
5. Start new question from fresh page.
6. Give around 15 headings for 20 marks question.
7. Every question should have introduction and conclusion paragraphs.
8. Add Quran/Hadees references wherever possible.
9. Narrate incidents from the life of Holy Prophet (SAWW) and Khulafa-e-Rashideen.
10. Add one quotation of famous religious scholar in each question.
11. Change colour scheme for references to give them more visibility.
12. Manage time
13. Wide page borders are discouraged. Should be reasonable.
14. Avoid writing wrong references.
15. Give more weightage to expressedly asked part/s of the question.
16. Avoid writing wrong Quran/Hadith references. It puts extremely negative impression.

DATE: __/__/____

نام: عائشہ بشارت

س: نماز اسلام میں عبادت کا بنیادی ستون ہے اس کے سماجی، اخلاقی اور روحانی اثرات کا تجزیہ کریں

## تعارف:

اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں پر پانچ نمازیں فرض کی ہیں۔ نماز اسلام میں عبادت کا ایک اہم ترین ستون ہے جیسے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"ہمارے اور کافروں کے درمیان فرق نماز ہے جس نے اسے چھوڑ دیا اس نے کفر کیا"

صحیح سنن الترمذی ۲۶۲۱

ایک اور حدیث میں لکھا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"مسلمان اور کفر اور شرک کے درمیان فرق نماز ہے"

صحیح مسلم، الایمان ۲۴۳

اس حدیث سے ہم نماز کی اہمیت کا اندازہ لگا سکتے ہیں۔ نماز کا اخلاقی، روحانی اور سماجی اثر یہ ہے کہ نماز قائم کرنے والا انسان اللہ کی یاد سے غافل نہیں ہوتا۔ اللہ کی یاد ہمیشہ اس کے دل میں ہوتی ہے

DATE: ___/___/___

## نماز اسلام میں عبادت کا بنیادی ستون:

### معنی و مفہوم:

اردو اور فارسی میں صلوٰۃ کے لیے لفظ نماز استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ فارسی زبان کا لفظ ہے اور ایران میں اسلام کی آمد سے قبل جسمانی عبادت کے لیے استعمال کیا جاتا تھا۔ تاہم عربی میں صلوٰۃ کا ہم معنی ہے۔ جس کا مطلب ہے دعا، مغفرت، رحمت اور درود۔

### نماز کی اہمیت:

نماز اسلام کا ایک اہم ترین ستون ہے۔ نماز ہمیں اللہ کی موجودگی کا احساس دلاتی ہے۔ نماز ہمیں اللہ سے ملاقات کا شوق پیدا کرتی ہے نماز کی اہمیت ہم اس حدیث سے ہی سمجھ سکتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

"مسلمان اور کفر و شرک کے درمیان فرق نماز ہے"

صحیح مسلم ۲۴۳

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ قرآن کی اہمیت یوں بیان کرتے ہیں۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

ترجمہ: "پس ان نمازیوں کے لیے ہلاکت ہے جو اپنی نماز سے غافل ہیں"

(الماعون: 4-5)

DATE / /

# نماز کے روحانی، اخلاقی اور سماجی اثرات

## 1۔ نماز کے روحانی اثرات

نماز کے روحانی اثرات درج ذیل ہیں

### (i) اللہ تعالیٰ سے رابطہ:

نماز سے انسان اللہ تعالیٰ کے قریب ہو جاتا ہے۔ اسے ہمیشہ یہ فکر ہوتی ہے کہ کب اپنے رب کی بارگاہ میں حاضر ہو جائے۔ نماز اللہ تعالیٰ سے ملاقات کا شوق پیدا کرتی ہے۔

نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے:

**ترجمہ:** یقیناً تم میں سے کوئی شخص جب نماز پڑھتا ہے تو گویا اپنے رب سے چپکے چپکے بات کرتا ہے۔

### (ii) باعث مغفرت

نماز پڑھنے والے کے گناہ جھڑ جاتے ہیں
آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا جب کوئی آدمی اچھی طرح وضو کرتا ہے اور پانچ وقت کی نمازیں پڑھتا ہے تو اس کے گناہ اسی طرح جھڑ جاتے ہیں جیسے پت کے پتے درخت سے جھڑتے ہیں

DATE: __/__/____

# نماز کے روحانی، اخلاقی اور سماجی اثرات

## ۱ نماز کے روحانی اثرات

نماز کی روحانی اثرات درج ذیل ہے

### (i) اللہ تعالیٰ سے رابطہ:

نماز سے انسان اللہ تعالیٰ کے قریب ہو جاتا ہے۔ اسے ہمیشہ یہ فکر ہوتی ہے کہ کب اپنے رب کے بارگاہ میں حاضر ہو جائے۔ نماز اللہ تعالیٰ سے ملاقات کا شوق پیدا کرتی ہے۔

نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے

**ترجمہ: یقیناً تم میں سے کوئی شخص جب نماز پڑھتا ہے تو گویا اپنے رب سے چپکے چپکے بات کرتا ہے۔**

### (ii) باعث مغفرت

نماز پڑھنے والے کے گناہ جھڑ جاتے ہیں۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا جب کوئی آدمی اچھی طرح وضو کرتا ہے اور پانچ وقت کی نمازیں پڑھتا ہے تو اس کے گناہ اسی طرح جھڑ جاتے ہیں جیسے پت جھڑ کے پتے درخت سے جھڑتے ہیں۔

DATE : ___/___/______

(ii) برائیوں سے اجتناب:

جب ایک نمازی کو یقین ہوتا ہے کہ اللہ اسے دیکھ رہا ہے اور اسے اپنے اللہ کی بارگاہ میں پیش ہونا ہے اور گناہوں کا حساب دینا ہے تو اس کی یہ کوشش ہوتی ہے کہ وہ برائیوں سے دور رہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

ترجمہ: بے شک نماز بے حیائی اور برائی سے روکتی ہے۔ (العنکبوت: ۴۵)

2 نماز کے اخلاقی اثرات

(i) تعمیر سیرت:

نماز پڑھنے سے انسان اپنے ہر کام کو اللہ کی رضا یا حاصل اور خوشنودی حاصل کرنے کے لیے ہوتا ہے۔ نماز انسان کے اخلاق کو بہتر سے بہتر بنا دیتی ہے۔ اس کا ہر ایک کام اللہ کی رضا کے لیے ہوتا ہے اس لیے وہ دوسروں سے خوش اخلاقی سے پیش آتا ہے۔

DATE __/__/____

ii فرض کی ادائیگی کا جذبہ:

نماز ادا کرنے والا شخص اپنے ہر کام میں پابند ہوجاتا ہے۔ وہ اپنے فرض کی ادائیگی کی کوشش بخوبی ادا کرنے کی کوشش کرتا ہے۔

iii احساس ذمہ داری:

نماز انسان کے اندر احساس ذمہ داری کا جذبہ پیدا کرتی ہے کہ کیسے کوئی بھی کام اپنے مطلوبہ وقت پر ادا کرنا چاہیے۔

د نماز کے سماجی اثرات:

1 باہمی دکھ درد خوشیوں میں شریک:

نماز کا ایک اہم فائدہ یہ بھی ہے کہ نماز لوگوں کو ایک ساتھ اکٹھا کر دیتا ہے اور وہ ایک دوسرے کے حالات سے واقف ہوجاتے ہیں اور آپس میں اپنے دکھ اور خوشیاں بانٹتے ہیں۔

ii باہمی مساوات کا عمل:

جب نمازی کندھے سے کندھا ملا کر کھڑے ہوجاتے ہیں تو امیر و غریب، اعلیٰ و ادنیٰ،

جوان و ضعیف اور حاکم و محکوم کی تمیز ختم ہو جاتی ہے سب نماز میں برابر ہو جاتے ہیں

iii **اطاعت امیر کا تصور:**

نماز کی ادائیگی سے انسان کے دل میں اطاعت امیر کا عنصر نمایاں طور پر ابھر آتا ہے اور وہ ادب و آداب سے آشنا ہوتا ہے جس سے نہ صرف مساوات کا سبق ملتا ہے بلکہ دوسروں کے سامنے اسلام کی اجتماعی شان کا اظہار ہوتا ہے۔

**خلاصہ:**

نماز کی اہمیت کا اندازہ ہم اس بات سے لگا سکتے ہیں کہ یہ ہمارے سماجی اخلاقی اور روحانی اعمال پر اثر انداز ہوتی ہے۔ نماز سے مسلمانوں میں باہمی مساوات پیدا ہو جاتی ہے نماز امیر و غریب کا تصور ختم کر دیتی ہے نماز ہمیں برائی سے روکتی ہے اور نیکی کی تاکید کرتی ہے۔